2025 III 05 | 0930 | Seat No. [ | | | | ]

Time : 3 Hours

URDU (T.L.)

Subject Code

| S | 1 | 1 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|

Total No. of Questions : 65 (Printed Pages : 12) Maximum Marks : 80

**ہدایات** : (1) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(2) صفائی اور خوشخطی کا خیال رکھیں۔

* مندرجہ ذیل ہر ادھورے جملے کے نیچے چار متبادل دئے گئے ہیں۔ صحیح متبادل چن کر جُملے مکمل کیجئے : 2

1. دوسرے دن سپاہی رگھوپت اور پہرے دار کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

- دکان میں لایا گیا
- گھر میں لایا گیا
- میدان میں لایا گیا
- جنگل میں لایا گیا

2. سماج میں باعزت زندگی گزارنے کے لئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

- تعلیم بے حد ضروری ہے
- ترقی بے حد ضروری ہے
- کھانا بے حد ضروری ہے
- کھیلنا بے حد ضروری ہے

* مندرجہ ذیل جملے غور سے پڑھیے اور سبق کا نام لکھئے : 2

3. بے احتیاطی اور بے قائدگی سے ان چیزوں میں خرابی پیدا ہو جاتی ہے۔

4. یہ سب ہزاروں برس میں ہوا اور پھر کہتے ہیں کہ دنیا کی آب و ہوا بدلی۔

* مندرجہ ذیل جملے کس نے کسے سے کہے لکھئے : 2

5. ''ماسٹر صاحب آتے ہی ہوں گے۔ انہیں سے پوچھیں گے۔''

6. ''میں عوام کی بھلائی اور سلطنت کی ترقی کے لئے کام کروں گی۔''

* مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی **چار** سوالات کے جوابات **آٹھ** تا **دس** الفاظ میں لکھیے : 4

.7 آلودگی سے کیا مراد ہے ؟

.8 لین شو نے لفافے پر کیا پتہ لکھا ؟

.9 بریل ایجاد کرنے والے کا نام کیا تھا ؟

.10 رضیہ نے میر آخور کا عہدہ کسے دیا ؟

.11 آسمان میں کتنے تارے ہیں اونتی نے اس سوال کا کیا جواب دیا ؟

.12 سعادت علی کیسا آدمی تھا ؟

* مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی **دو** سوالات کے جوابات **پچیس** سے **تیس** الفاظ میں لکھیے : 6

.13 بے تکلفی سے کیا پریشانی ہوتی ہے ؟

.14 اکبر رگھوپت کی کس بات سے متاثر ہو گیا ؟

.15 انٹرنیٹ کس طرح کام کرتا ہے ؟

.16 بندو کی سست رفتاری کا اثر کن کن لوگوں پر پڑا ؟

فہرست 'الف' میں سے مصرعہ اور فہرست 'ب' میں مصرعہ کا مطلب دیا گیا ہے۔ فہرست 'ب' سے مناسب مطلب چن کر فہرست 'الف' کے ساتھ مناسب جوڑیاں لگائیے : 2

| 'ب' | | 'الف' | |
|---|---|---|---|
| (A) | کوئی خواہش پوری نہیں ہوتی | 17. | دنیا بھی عجب سرائے فانی دیکھی |
| (B) | زندگی پر غرور نہیں کرنا چاہیے | 18. | کوئی امید بر نہیں آتی |
| (C) | کوئی ساتھ نہیں دیتا | | |
| (D) | یہ دنیا ایک عجیب مسافر خانہ ہے جو کبھی بھی مٹ سکتا ہے | | |

* قوسین میں سے مناسب لفظ چن کر مندرجہ ذیل مصروں کی خانہ پُری کیجئے : 2

19. کچھ دیر نہیں ــــــــــــــــــ نہیں۔

(سویرا، اندھیر، شمشیر، فجر)

20. کوئی پہاڑ یہ کہتا تھا اک ــــــــــــــــــ سے

(گلہری، مکڑی، پرندہ، بندر)

* مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی **دو** سوالات کے جوابات **آٹھ** تا **دس** الفاظ میں لکھئے : 2

21. نظم 'حمد' میں سورج کو چشمہ کیوں کہا گیا ہے؟

22. شاعر نے دنیا کو سرائے فانی کیوں کہا ہے؟

23. قدم بڑھاؤں دوستوں سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

* مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی **دو** سوالات کے جوابات **پچیس** سے **تیس** الفاظ میں لکھئے : 6

24. شاعر اسمعیل میرٹھی نے بیل بوٹوں کو مٹی سے اگایا ہوا کیوں کہا ہے؟

25. شاعر ابراہیم ذوق نے عقل پر فخر کرنے سے کیوں منع کیا ہے؟

26. پہاڑ نے اپنی بڑائی میں کیا کہا ؟

27. دھرتی کی کوکھ بانجھ ہونے سے کیا مطلب ہے؟

* مندرجہ ذیل الفاظ کی جمع لکھئے ( کوئی **دو**) : 2

28. سوال

29. فوج

30. افسر

* مندرجہ ذیل الفاظ کی ضد لکھئے ( کوئی دو ) : 2

31. محبت

32. قید

33. غیر موجود

* مندرجہ ذیل جملوں میں خط کشیدہ محاوروں کے معنی قوسین میں سے تلاش کر کے لکھئے : 4

34. اپنی امی کو یاد کر کے میرا <u>دل بھر آیا</u>۔

35. امیر لوگ اکثر غریبوں کو <u>نیچا دکھاتے ہیں</u>۔

36. ہندوستانی فوج کے ڈر سے دشمن <u>میدان چھوڑ کر بھاگ گئے</u>۔

37. امتحان کا پرچہ دیکھ کر طلبہ کو <u>چھٹی کا دودھ یاد آ گیا</u>۔

( برا حال ہونا ، بے عزت کرنا ، خوش ہونا ، ہار ماننا ، غمگین ہونا )

* مندرجہ ذیل جملوں میں سے جملے کی قسم پہچان کر لکھئے : 4

38. میری قلم کس نے لی۔

39. اپنا کام مکمل کر لو۔

40. یاسمین بادشاہ کی بیٹی ہے۔

41. واہ کیا عمدہ کھانا ہے۔

* مندرجہ ذیل جملوں میں سے خط کشیدہ الفاظ صفت کی کونسی قسم کو ظاہر کرتے ہیں لکھئے : 2

42. یہ ایک عربی گھوڑا ہے۔

43. آج ایک بجے اسکول چھوٹ جائے گی۔

* مندرجہ ذیل اشعار میں استعمال کی گئی صنعتوں کے نام لکھئے : 2

44. دھوپ اور چھاؤں سے کچھ فرق نہیں ہے ساغؔر

ہم نے ہر حال میں جینے کا ہنر سیکھا ہے

45. کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب

آؤ ہم بھی سیر کریں کوہ طور کی

* مندرجہ ذیل الفاظ اور معنی کی جوڑیاں لگایئے : 2

| **الفاظ** | | **معنی** |
|---|---|---|
| 46. ہستی | (A) | برتن |
| 47. ظرف | (B) | نزاکت |
| | (C) | وجود |

* مندرجہ ذیل بے ترتیب جملوں کو ترتیب وار لکھئے : 2

48. انہیں بھارت کے دستور کا معمار کہا جاتا ہے۔

49. بھارت کے یہ عظیم رہنما 6 دسمبر 1954ء کو اس دنیا سے چل بسے۔

50. ڈاکٹر امبیڈکر کا اصل نام بھیم راؤ سکپال تھا۔

51. ڈاکٹر امبیڈکر 14 اپریل 1891ء کو مدھیہ پردیش کے قصبے میں پیدا ہوئے۔

52. درج ذیل نکات کی مدد سے کہانی مکمل کیجئے اور کہانی کے لئے کوئی مناسب عنوان تجویز کیجئے : 5

نکات : ایک چرواہا ۔۔۔۔۔۔ جھوٹ بولنے کی عادت ۔۔۔۔۔۔ جنگل میں شیر آیا شیر آیا چلانا ۔۔۔۔۔۔ لوگوں کا دوڑ کر مدد کے لئے آنا ۔۔۔۔۔۔ چرواہے کا ہنسنا ۔۔۔۔۔۔ لوگوں کا واپس چلے جانا ۔۔۔۔۔۔ دو تین بار ایسا کرنا ۔۔۔۔۔۔ ایک بار سچ مچ شیر کا آنا ۔۔۔۔۔۔ چرواہے کا مدد کے لیے چلانا ۔۔۔۔۔۔ کسی کا نہ آنا ۔۔۔۔۔۔ شیر کا اسے مار ڈالنا ۔۔۔۔۔۔ سبق۔

53. سعادت خان / یاسمین خان ہاؤزنگ بورڈ واسکو گوآ سے اپنے دوست/سہیلی آفتاب شیخ/شفا شیخ کو اپنی چھوٹی بہن کی سالگرہ پر گھر آنے کی دعوت دیتا/دیتی ہے۔ 5

یا

راشد خان/رشیدہ خان نیوواڑے واسکو گوآ سے مونسپل کارپوریشن واسکو گوآ کے نام ایک شکایتی خط لکھ کر اپنے محلے میں پھیلی ہوئی گندگی کے بارے میں اطلاع اور صفائی کی درخواست کر رہا / رہی ہے۔

* مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : 5

جس ملک کا اناج، ہوا اور پانی ہم استعمال کرتے ہیں اور زندہ رہتے ہیں۔ اس ملک کی خدمت کرنا اور اس کی بھلائی چاہنا ہمارا پہلا فریضہ ہے۔ تن، من اور دھن سے اپنے ملک کی خدمت کرنا ہی حب الوطنی ہے۔ ملک کی خدمت میں جی جان لگانا ہی زندگی کی کامیابی ہے۔ اس بات میں شک کی کوئی گنجائش نہیں ہے کہ کسی بھی ملک کی خدمت کی ذمہ داری اس ملک کے باشندوں پر ہوتی ہے۔ ملک پر جب کسی قسم کی آفت آتی ہے تب بزدل بھی بہادر بن جاتے ہیں۔ تب ہمیں یہ خیال رکھنا چاہیے کہ ہم جن چیزوں کا احترام کرتے ہیں جن کے وجود سے ہمارا سینہ فخر سے تن جاتا ہے جن سے ہم محبت کرتے ہیں وہ تمام چیزیں تباہ و برباد ہو جائیں گی اسی خیال کے پیش نظر اس ملک کا ہر شہری ایک تلوار بن جاتا ہے۔ اس وقت جو لوگ اپنی زندگی کو معمولی سمجھ کر اپنا مفاد بھول کر ملک کی حفاظت کو اپنا فرض سمجھتے ہیں اُن کے نام تاریخ میں امر ہو جاتے ہیں۔

**سوالات :**

54. ملک کی حب الوطنی سے کیا مراد ہے ؟

55. ملک کے لئے ہمارا پہلا فریضہ کیا ہے ؟

56. بزدل بھی بہادر کب بن جاتے ہیں ؟

57. کن کے نام تاریخ میں امر ہو جاتے ہیں ؟

58. اس اقتباس کے لئے مناسب عنوان تجویز کیجئے۔

* مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : 5

اناج کی طرح پانی بھی زندگی کی اہم ضرورت میں سے ہے۔ اگر بارش نہ ہو تو فصل اُگ نہیں سکتی، ندیاں، کنوئیں، تالاب سبھی سوکھ جائں گے آدمی تو کیا پرندے، جانور اور پیڑ پودوں تک کا جینا محال ہوجائے گا۔ سچ تو یہ ہے کہ پانی ہی زندگی ہے۔ اسی سے ہم اپنا جسم صاف رکھتے ہیں۔ اس سے ہم کپڑے دھوتے ہیں۔ اس کے بغیر نہ ہم کھانا کھا سکتے ہیں اور نہ ہی پیاس بجھا سکتے ہیں۔ پانی کو فضول خرچ کرنا بے وقوفی ہے۔

برسات میں جتنا پانی برستا ہے اسے ہم اگر تالاب میں جمع کر لیں تو اس سے ہمیں بے شمار فائدے ہو سکتے ہیں۔ ہماری حکومت کئی دریاؤں پر بڑے بڑے بند باندھ کر بڑی

بڑی جھیلیں تیار کروا رہی ہے۔ ان کے پانی سے آس پاس کی لاکھوں ایکڑ زمین پر کاشت کاری ہو سکے گی۔ ریگستان لہلہا اٹھیں گے۔ ملک میں ہر جگہ خوش حالی نظر آئے گی۔ اس پانی سے بجلی بھی پیدا کی جا سکے گی۔ جس سے ہمارے شہر اور دیہات جگمگا اُٹھیں گے۔ ہمارے کارخانے اور ریل گاڑیاں بجلی سے چلیں گی ریڈیو کی آواز ہر جگہ سنائی دے گی۔ ہر جگہ نئی امنگ اور نیا جوش و خروش چھا جائے گا۔

**سوالات :**

59. اگر بارش نہ ہو تو کیا ہوگا ؟

60. ہم پانی کا استعمال کن کن کاموں کے لئے کرتے ہیں ؟

61. پانی کو فضول میں خرچ کرنا کیا ہے؟

62. بجلی کس چیز سے پیدا کی جا سکتی ہے؟

63. اس اقتباس کو مناسب عنوان تجویز کیجئے۔

64. اسکول پکنک کے لئے بچہ اپنے والد سے اجازت مانگتا ہے اس گفتگو کو مکالمہ کے انداز میں لکھئے۔ 5

65. درجہ ذیل عنوانات میں سے کسی **ایک** عنوان پر 150 سے 200 لفظوں کا مضمون لکھئے : 7

- میرا پسندیدہ موسم
- اللہ تعالیٰ کی نعمتیں
- تعلیم کے فائدے
- پھول کی آپ بیتی
- صفائی کی اہمیت